عنوان: انتقال وراثت محمد الیاس (متوفی) ولد محمد الدین ساکن چکنمبر 3/SPAP کٹھاس سنگھ تحصیل دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد الیاس (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ شبینہ کوثر (بیوہ)، محسن الیاس، علی حمزہ، حماد الیاس، ارم شہزادی پسران ودختران متوفی محمد الیاس ساکنان چکنمبر 3/SPAP کٹھاس سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد الیاس (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب وقار احمد ناگرہ صاحب
تحصیلدار/AC.1 شکرگڑھ
تصدیق انتقال 575 متوفی عنایت علی ولد جیون رقبہ موضع گنگراں تحصیل شکرگڑھ ہر گاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ عنایت علی موضع گنگراں میں مالک آراضی تھا جو فوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد سائیں۔ محمد بوٹا۔ عبدالمجید۔ احمد حسین۔ محمد سجاد پسران۔ ثریا بی بی۔ پروین اقبال۔ سکینہ بی بی دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوید عباس مانگٹ صاحب
سول جج/جج فیملی کورٹ گجرات
دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع' عنوان صبیحہ بی بی بنام شاہنواز' اشتہار بنام شاہنواز ولد عبدالمالک قوم شیخ سکنہ بستی شیخاں عبدالخالق تحصیل لیاقت پور ضلع رحیم یار خان' ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقے سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 24-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی اور جوابدہی کرے بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب عمران انور صاحب
جج صاحب فیملی کورٹ دیپالپور ضلع اوکاڑہ
نوعیت مقدمہ: دعویٰ خرچہ نان ونفقہ وسامان جہیز وزیورات طلائی بعنوان: شمائلہ بی بی وغیرہ بنام راشد علی وغیرہ' اشتہار بنام: 1: راشد علی 2۔ ساجد علی پسران احمد یار اقوام اوڈ بھٹی ساکنان شاہ نواز خانوالہ (آبادی نہراوالی) تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعاعلیہم مذکوران کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے۔ لہٰذا انہیں بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 12-02-2025 اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا آویں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد افضل شاہد صاحب
نائب تحصیلدار/AC.1 شکرگڑھ
تصدیق انتقال 364 متوفی انصاف علی ولد نور احمد رقبہ موضع گھسیٹ پور تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ انصاف علی، موضع گھسیٹ پور میں مالک آراضی تھا جو فوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں فضیلت بیگم بیوہ۔ اعتکاف علی۔ سیف علی۔ عثمان علی۔ چوہدری اسرار انصاف۔ علی حمزہ پسران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد فیصل الاسلام صاحب/سول جج گوجرانوالہ
عنوان، فرح بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ۔ دعویٰ استقرار حق وغیرہ۔ فرح دختر سرفراز علی زوجہ ناصر خورشید ساکن گلی جھنڈو مکان نمبر Z/2051 اردو بازار گوجرانوالہ۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 15-2-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
کھاریاں/سب رجسٹرار صاحب کھاریاں
انتقال وراثت' عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ ندیم اختر ولد چوہدری غلام علی نے درخواست دائر کی ہے کہ چوہدری غلام علی ولد چوہدری احمد خان ساکن کھاریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بحق وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں بلقیس بیگم بیوہ غلام علی ناہید فردوس دختر ندیم اختر چوہدری نعیم اختر چوہدری وسیم اختر کلیم اختر نبیل اختر چوہدری سلیم اختر پسران ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر شرعی وارث ہو تو وہ اندر 3 یوم دفتر زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں کیا جائیگا' المشتہر تحصیلدار صاحب کھاریاں۔

بعدالت جناب ADLR/تحصیلدار صاحب منچن آباد
بعنوان انتقال وراثت۔ متوفی احمد دین ولد غلام حیدر قوم آرائیں سکنہ موضع بدھو نرائن پورہ تحصیل منچن آباد برائے انتقال وراثت منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان میں تین بیٹے ہیں محمد رمضان زندہ محمد امین زندہ محمد یسین، زندہ متوفی زندہ وارثان ہیں اگر کوئی دیگر وارث نہ ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی دیگر وارث ہے تو اندر سات یوم اپنا ثبوت پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت میڈم حناء رشید صاحبہ
سول جج گوجرانوالہ
عنوان، عتیق الرحمٰن بنام رمضان علی۔ دعویٰ استقرار حق۔ رمضان علی ولد غلام بیگ قوم راجپوت ساکن رام گڑھ نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 12-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت میڈم عروسہ انجم صاحبہ
نائب تحصیلدار/AC.1 شکرگڑھ
تصدیق انتقال 351 متوفی بشیر احمد ولد نظام دین رقبہ موضع شہزاد پور تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ بشیر احمد موضع شہزاد پور میں مالک آراضی تھا جو فوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں تنویر احمد پسر نسرین۔ راشدہ پروین۔ شہناز بی بی دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر صاحب/تحصیلدار/AC.1 شکرگڑھ
تصدیق انتقال 390 متوفی جاوید اقبال ولد فرقان علی رقبہ موضع جگوال پور تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ جاوید اقبال موضع جگوال پور میں مالک آراضی تھا جو فوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں پروین اختر بیوہ۔ بلال جاوید۔ احتشام جاوید۔ عمر دراز۔ علی جاوید۔ بابر جاوید۔ حمزہ جاوید دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت میڈم نائلہ ظفر صاحبہ
سول جج گوجرانوالہ
عنوان، میاں اقبال وغیرہ بنام محمد نعیم سعید وغیرہ۔ دعویٰ تعمیل مختص وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام نائلہ وکیل (بیوہ)، ضمیر وکیل (پسر)، لاریب وکیل، مویٰ ایشان، حیرات بہین وکیل (دختران) وکیل سعید اقوام ارائیں ساکنان گلی نمبر 2 ورتہ روڈ میاں ہاؤس قام ٹاؤن گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 17-2-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب اوکاڑہ
وارثتی انتقال۔ متوفی محمد اکرم ولد قدیر احمد، سکنہ 46/2L تحصیل وضلع اوکاڑہ بقضائے الٰہی سے وفات پا چکے ہیں۔ جن کی وراثت کے لیے رجوع کیا گیا ہے۔ جن کا وارثتی انتقال نمبر درج ہو چکا ہے۔ نجمہ شمیم اختر بیوہ، محمد عاصم، قاسم علی، صائمہ بی بی، سمیر اکرم پسران و دختران متوفی کے نام درج کئے گئے ہیں بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات دن کے اندر حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت محترمہ عفاف اسلم صاحبہ
سینئر سول جج فیملی ڈویژن بہاولپور
مرجوعہ 2025' دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ' عنوان: نسرین بی بی وغیرہ بنام غلام عباس شہزاد ولد غلام رسول قوم چانڈیہ سکنہ چاہ تھوری والا ڈاکخانہ شیخ عمر لدھا کم تحصیل وضلع کوٹ ادو' ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ میں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بے مورخہ 13-02-2025 کو عدالت ہذا میں پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب محمد فیصل الاسلام صاحب/سول جج گوجرانوالہ
عنوان، علی مرتضیٰ بنام ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ نادرا وغیرہ۔ دعویٰ استقرار حق وغیرہ۔ علی مرتضیٰ، ولد عمران علی ساکن ڈاکخانہ خاص اٹاوہ تحصیل وضلع گوجرانوالہ۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 15-2-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر صاحب/تحصیلدار/AC.1 شکرگڑھ
تصدیق انتقال 2299 متوفیہ شریفاں بی بی دختر جلال دین رقبہ موضع کسراج تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ شریفاں بی بی موضع کسراج میں مالک آراضی تھی جو فوت ہو چکی ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد اسلم رفیق خاوند۔ محمد ندیم محمد علیم طاہر پسران۔ ساجدہ اسلم دختر۔ محمد منصور عظیم محمد عبداللہ عظیم پوتے۔ کنزہ فاطمہ پوتی ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب زاہد یوسف صاحب
سول جج درجہ اول بہاولپور
مرجوعہ 2025' دعویٰ دلاپانے ہرجانہ مبلغ پچاس لاکھ روپے' عنوان: ندرگس بنام محمد نجیب ولد حاجی غلام رسول قوم چنڑ سکنہ موضع خانووالی تحصیل وضلع بہاولپور، محمد شفیق ولد محمد حسین قوم ہتم سکنہ گوٹھ مہر تحصیل وضلع بہاولپور، محمد صابر ولد غلام رسول قوم چنڑ سکنہ موضع خانووالی تحصیل وضلع بہاولپور ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ میں مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بے مورخہ 27-02-2025 کو عدالت ہذا میں پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت مہر شوکت علی ساہمل تحصیلدار جھنگ
عنوان: وراثتی انتقال' ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ احمد خان جو کہ وفات پا چکا ہے اس کی ملکیتی اراضی واقع چک نمبر 270 تحصیل وضلع جھنگ کا وراثتی انتقال عمل میں لایا جا رہا ہے متوفی کے وارثان میں کبیر خان والد پہلے فوت شد، مائی بھاگن والدہ پہلے فوت شد، سکینہ بی بی بیوہ پہلے فوت شد، زاہد اقبال، مختار احمد، الیاس احمد، پسران زندہ، زاہدہ پروین، شاہدہ پروین، طاہرہ پروین، ناصرہ پروین، خالدہ پروین دختران زندہ کو ظاہر کیا گیا ہے اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر از سات یوم عدالت ہذا میں پیش ہوں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ (دستخط ومہر مجاز عدالت)

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب
سول جج فیملی کورٹ لاہور
دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع' بعنوان: ادیبا سعید بنام قاسم امام' اخبار اشتہار: قاسم امام ولد فضل احمد سکنہ 141 ابراہیم گلی جمال ٹاؤن سبزہ زار لاہور' بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 22-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد عاطف بن سعید صاحب
سینئر سول جج/سول ڈویژن گوجرانوالہ
عنوان، فرح شاہد وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ درخواست جانشینی۔ فرح شاہد بیوہ شاہد مسعود، سماویہ شاہد، اسماء شاہد دختران، محمد حسان پسر شاہد مسعود ذات کھوکھر ساکنان جی ٹی روڈ مکان نمبر 2396-CB گلی نمبر 3 محلہ شریف پورہ راہوالی تحصیل وضلع گوجرانوالہ (نابالغ سائل نمبر 4 بذریعہ والدہ حقیقی سائلہ نمبر 1)۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 19-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مزمل حسین صاحب
سول جج درجہ اول لاہور
درخواست (2)12 30/06/15' بعنوان: مسماۃ رخسانہ وغیرہ بنام مسماۃ زرین وغیرہ' اخبار اشتہار: شاہ میر، شاہ تاج ساکنان مکان نمبر 586/2 بلاک Z ڈی ایچ اے لاہور، عظمیٰ، Amal، وردہ، شاہ داد نابالغ، آمنہ، Amina نابالغہ دختران وپسر عبدالوہاب، ساکنان مکان نمبر 32/1 گلی نمبر 28 خیابان شمشیر فیز V DHA کراچی، صومیہ دختر عبدالوہاب بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 12-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تصور اقبال صاحب
سول جج درجہ اول لاہور
درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی' عنوان: انعم شہزادی بنام عوام الناس وغیرہ' اشتہار بنام: ریاض حسین فاروق ولد محمد رضوان ولد تاج جہاں، بشیراں بی بی والد محمد رضوان زوجہ ریاض حسین فاروق ساکنان سجاول ڈاکخانہ خاص چک نمبر 11 روازہ آباد تحصیل پتوکی ضلع قصور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت کر کے بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ مدعاعلیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل/سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 12-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ 1

انویسٹمنٹ سے ہمارے بچے دنیا فتح کر سکتے ہیں۔چھوٹے بچوں کے بڑے خواب دیکھ کر خوشی ہوئی۔بچوں سے کہتی ہوں کہ خواب کا تعاقب کرنا کبھی ترک نہیں کرنا۔طلبہ تعلیم پر توجہ دیں کسی کے بہکاوے میں آکر زندگی خراب نہ کریں۔لیپ ٹاپ اور سکالرشپ پر بلوچستان، خیبر پختونخواہ اور دیگر صوبوں کے بچوں کا بھی حق ہے۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ تمام سٹالز پر طلبہ کی تخلیقات کا ذاتی طور پر معائنہ کیا جس پر بہت خوشی محسوس ہوئی۔طلبہ کے سٹالز، پراجیکٹس اور کام دیکھ کر اندازہ ہوا کہ ہمارے بچوں میں بھی بے حد پوٹینشل ہے۔1100 بچے پورے پنجاب سے اپنے اپنے اضلاع میں جشن سٹیم کے مقابلے جیتتے کر آئے ہیں۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات بچوں کے لئے دن رات محنت کررہے ہیں۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے سائنس، آرٹ، میتھ، انجینئرنگ میں طلبہ کی صلاحتیں اجاگر کرنے کے لئے تواتر سے مقابلے کرائیں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ بچوں کا تخلیقی اور اختراعی ورک دیکھ کر بہت حیرانگی ہوئی۔بچوں کے چہرے کی خوشی دیکھ کر بے حد خوش ہوئی،سوچ رہی ہوں،ان کے والدین کتنے خوش ہونگے۔سٹیم میں حصہ لینے والے تمام بچوں، والدین اور اساتذہ کو بہت مبارکباد پیش کرتی ہوں۔بچوں سے پوچھا کہ آپ کیا بننا چاہتے ہیں تو پتہ چلا کہ بچوں کے خواب بہت بڑے ہیں۔میں آپ کی ماں کی طرح ہوں جب تک وزیراعلیٰ آفس میں ہوں اپنے بچوں کے لئے کام کرتی رہوں گی۔پوری کوشش کروں گی کہ میرے بچوں کے خواب پورے ہوں۔میرے پاس بطور وزیراعلیٰ جتنے بھی وسائل ہیں پنجاب کے بیٹے اور بیٹیوں پر نچھاور کروں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ پنجاب کے 49 ہزار سرکاری سکولوں کی اپ گریڈیشن کی جائے گی۔سرکاری سکولوں میں فرنیچر، کلاس رومز اور دیگر ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔سرکاری سکولوں میں انوائرمنٹ کو بہتر کیا جائے گا تاکہ بچوں کا سکول آنے کا بھی دل کرے۔شہبازشریف صاحب نے 2008 میں جو آئی ٹی لیبز بنوائی تھیں دوبارہ ان آئی ٹی لیبز کو بھی اپ گریڈ کیا جائے گا۔سرکاری سکولوں میں پڑھنے والے بچوں کو انگلش سپوکن کلاسز شروع کرائی جائے گی۔اردو، پنجابی، سرائیکی، پوٹھوہاری یہ سب ہماری زبانیں ہیں لیکن ہم نے گلوبل سٹیج پر دنیا کے ساتھ انگلش لینگوئج پر عبور ہونا چاہیے۔صوبائی وزیر رانا سکندر حیات کو ہدایت کی ہے کہ تمام سرکاری سکولوں میں سپوکن انگلش کی ریگولر کلاسز ہونی چاہیے۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ کیریکٹر بلڈنگ کی کلاسز ہونی چاہیے تاکہ بچوں کو پتہ چلے کہ ان کے لئے کیا صحیح اور کیا غلط ہے۔بچوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ کون سا راستہ کامیابی کی طرف اور کونسا راستہ تباہی کی طرف جاتا ہے۔ ہونہار سکالرشپ پروگرام سے 100 فیصد میرٹ پر 30 ہزار مستحق بچوں کو سکالرشپ دیئے گئے۔ہونہار سکالرشپ ان بچوں کو ملا جن کو سکالرشپ نہ ملتا تو انہیں تعلیم چھوڑنا پڑتی۔ہونہار سکالرشپ لینے والے بچوں کو انٹرویز کیے تو ان کی مشکلات سن کر دل ہل گیا۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ میں جیل کے ڈیتھ سیل میں رہی ہوں، جیل میں تھی تو والدہ وفات پا گئیں لیکن پھر بھی نہیں روئی لیکن جب بچوں کی باتیں سنی تو رونا آ گیا۔30 ہزار بچوں کو میرٹ پر سکالرشپ ملا تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔بچے جب پیار اور احترام کا اظہار کرتے ہیں تو چند لوگوں کو لگتا ہے کہ یہ سب ڈرامہ ہے۔میرا اور بچوں کا آپس میں پیار کا رشتہ ہے جو بہت سے لوگوں سے برداشت نہیں ہوتا۔میری والدہ کہتی تھیں کہ انسان جب کامیابی کے سفر پر نکلتا ہے تو لوگوں کی تنقید پر دھیان نہیں دینا چاہیے۔دنیا جو کہتی ہے کہنے دو، منفی تنقید پر دھیان دینے کی بجائے اپنے مقاصد پر فوکس کریں۔انسان ترقی کی راہ پر نکل پڑے تو ٹانگیں کھینچنے والوں کی پرواہ نہیں کرنی چاہیے۔ بچے تنقید کرنے والوں کو اپنی محنت اور کامیابی سے جواب دیں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ اگر پنجاب کے بچوں کو وسائل کی کمی ہے تو میں حاضر ہوں۔ کامیابی کا کوئی شارٹ کٹ نہیں، بچے محنت کریں اپنا راستہ بنائیں، ان شاءاللہ کامیابی کوئی روک نہیں سکتا۔اساتذہ بچوں کی تعلیم و تربیت کے فرض کو پوری دیانتداری سے ادا کریں۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کو ہدایت کی ہے کہ بچوں کو بہترین سبجیکٹ سپیشلسٹ مہیا کریں۔بچوں کو لیپ ٹاپ فراہم کریں گے، بچے لیپ ٹاپ تعمیری، تخلیقی اور تحقیقی سرگرمیوں کے لئے استعمال کریں۔بچے لیپ ٹاپ سے کلین انرجی، سمارٹ سٹیز اور کلین ایئر جیسے پراجیکٹس پر ریسرچ کریں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ بچے کسی کا سیاسی ایندھن نہ بنیں، سرکاری املاک جلانے، حملے کی ترغیب دینے والوں کو نو میں جواب دیں۔قوم کی بیٹیوں پر آواز کسنے کا کہنے والے آپ کے دوست نہیں ہیں۔والدین بھی اپنے بچوں کو گالیوں اور حملوں کی ترغیب نہیں دے سکتے۔4 سال نااہلوں کی حکومت رہی، ایک دھیلے کا کام نہیں کیا۔لیپ ٹاپس، سکالرشپس اور انعامات بچوں کا حق تھا جو ابھی مل رہا ہے، سوال یہ ہے کہ پہلے کیوں نہیں دیا گیا۔خیبر پختونخواہ کا وزیراعلیٰ ذاتی حملے کر رہا ہے، بچے گوگل اور یوٹیوب پر سرچ کریں کہ یہ نوجوان کو کیا سکھا رہے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے بچے روزانہ مجھے کہتے ہیں کہ ہمیں بھی لیپ ٹاپس اور سکالرشپ دیئے جائیں۔امیری یا غریبی اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن تعلیم ہر قسم کا فرق ختم کر دیتی ہے۔چاہتی ہوں میرا ہر بچہ اپنی فیلڈ میں ترقی کرے اور کامیابی حاصل کرے۔میں بچوں کو ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ دے رہی ہوں جبکہ نااہل بچوں کو پٹرول بم تھما رہے ہیں۔بچے کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے اپنے والدین اور اس ملک کی ترقی اور بھلائی کو سامنے رکھا کریں۔

بقیہ 2

مسرور احسن نے کہا ہے کہ اس بات پر اتفاق رائے ہوگیا ہے کہ جو لوگ درآمدی روئی کے بقایاجات ادا نہیں کریں گے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جو کہ تقریباً ایک ارب روپے ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ایگریکلچرل سٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ روئی کے گانٹھوں کو مقامی سطح پر مخصوص مدت میں استعمال کرنے اور تقریباً 2 ارب روپے کے واجبات کی ادائیگی کے معاملے پر کام کیا جائے گا۔دریں اثناء وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر جو بھی اجلاس میں موجود تھے نے کہا کہ حکومت صنعت کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے اور گورننس کو بہتر بنانے، بدعنوانی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ محکموں کی ہموار کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ملک میں کپاس کی پیداوار کو بڑھانے پر توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سیڈ ریگولیٹری باڈی تشکیل دی گئی ہے۔ملاقات میں آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (APTMA) کے نمائندے بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ چیئرمین نے اپٹما کے نمائندوں سے کہا تھا کہ وہ تحریری طور پر بتائیں کہ حکومت درآمدی روئی کے بقایاجات کی ادائیگی نہ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔

بقیہ 3

شعبے کے تعاون کو بڑھاوا دینے کا عہد کیا ہے۔منگل کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ICCI) کے اپنے دورے کے دوران انہوں نے کاروباری وفود کے تبادلوں میں اضافے اور ICCI اور قاہرہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ اور دیگر متعلقہ سرکاری محکموں کے درمیان قریبی تعلقات کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر ایمبیسی

کے آفیسرز امر عبداللہ اور احمد زویل بھی ان کے ہمراہ تھے۔چارج ڈی افیئرز نے مصر کے پرکشش سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی جس میں ٹیکس میں چھوٹ، جوائنٹ وینچرز، اور ویلیو ایڈڈ امکانات شامل ہیں۔آئی سی سی آئی کے صدر ناصر منصور قریشی نے مصری وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے متوازن تجارت کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا، خاص طور پر فارماسیوٹیکل، ماربل، قیمتی پتھر اور گلابی نمک جیسے شعبوں میں پاکستان کی برآمدی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے آئی سی سی آئی کے نہ صرف مقامی کاروبار کو بڑھانے بلکہ بین الاقوامی تجارت کو مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔سینئر نائب صدر عبدالرحمان صدیقی نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید گہرا کرنے کے لیے چیمبر کے عزم کا اظہار کیا۔ایگزیکٹو ممبر فاطمہ عظیم نے دونوں ممالک میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے خواتین کاروباریوں کے تبادلے میں اضافے پر زور دیا۔نائب صدر ناصر محمود چوہدری نے مصر اور پاکستان کے درمیان مماثلت کو اجاگر کیا، جبکہ ثناءاللہ خان نے مذہبی تعلیم میں جامعہ الازہر کے کردار پر روشنی ڈالی۔آئی سی سی آئی کے صدر کے خصوصی مشیر نعیم صدیقی نے کاروبار کی ترقی کو آسان بنانے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان براہ راست رابطے کی ضرورت پر زور دیا۔سیکرٹری جنرل غلام مرتضیٰ نے اس دورے کو مصر اور پاکستان کے درمیان وسیع تر کاروباری تعاون کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔اجلاس میں ایگزیکٹو ممبر چوہدری محمد عرفان اور آئی سی سی آئی کے ممبر شاہد ظفر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 4

نوازشریف نے خواتین اور لڑکیوں کے عالمی دن برائے سائنس پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کی دنیا میں خواتین کا کردار محض ضروری نہیں بلکہ ناگزیر ہے۔ترقی کیلئے اپنی بیٹیوں کو جدید علوم اور آئی ٹی کی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا۔پنجاب حکومت خواتین اور لڑکیوں کو سائنسی و تکنیکی میدان میں آگے لانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ہونہار اسکالرشپ پروگرام سے ہزاروں طالبات کو بالخصوص سائنسی شعبوں میں مکمل ٹیوشن فیس دی جا رہی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ اب پنجاب میں کسی بیٹی کا خواب وسائل کی کمی کے باعث ادھورا نہیں رہے گا۔لیپ ٹاپ اسکیم کا مقصد طالبات کی جدید علوم اور ٹیکنالوجی تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ لیپ ٹاپ سکیم سے ہماری بیٹیاں اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ مہارتوں کو مزید نکھار سکیں گی۔ایڈوانس آئی ٹی ٹریننگ پروگرامز سے خواتین عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں نمایاں مقام حاصل کر رہی ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ عوام بالخصوص طالبات کے لئے لاہور میں مفت وائی فائی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ پاکستان کی ترقی خواتین کی ترقی سے منسلک ہے۔اپنی بیٹیوں کو ہر وہ سہولت دیں گے جو سائنس، ٹیکنالوجی اور آئی ٹی میں عالمی معیار کے مطابق آگے بڑھنے میں مدد دے۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ ایسا پنجاب بنا رہے ہیں جہاں خواتین ترقی کی راہ میں کسی سے پیچھے نہ رہیں بلکہ سب سے آگے ہوں۔

بقیہ 5

رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کو صرف عمران خان سے مخلص ہونے کی سزا دی جارہی ہے، سب فسطائیت کا مقصد عمران خان اور ان کی شریک حیات کو توڑنا ہے لیکن یہ حربے ناکام ہوں گے۔انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ بشریٰ بی بی کو صرف اس بات کی سزا دی جارہی ہے کہ وہ عمران خان سے مخلص ہیں، ان کی اپنے شریک حیات سے ملاقات پر بھی پابندی ہے اور نہ ہی جیل مینوئل کے مطابق انہیں ضروریات زندگی فراہم کی جارہی ہیں۔نہ انہیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت ہے، نہ گھر سے کوئی چیز ان تک پہنچنے دی جا رہی ہے، اس سب فسطائیت کا مقصد عمران خان اور ان کی شریک حیات کو توڑنا ہے لیکن یہ حربے ناکام ہوں گے۔مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ہر سیکٹر ہی تباہی کا شکار ہے کوئی ایک سیکٹر نہیں جو خوشحالی کی نوید سنا رہا ہو، تحریک انصاف کے دور حکومت میں ٹیکسٹائل انڈسٹری پورا سال چوبیس گھنٹے چلتی تھی اور کام کرنے کے لیے مزدور نہیں ملتے تھے، وہ سیکٹر اب مکمل تباہی کا شکار ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چالیس فیصد اسپننگ ملز بند ہو چکی ہیں، مزید بندش کے خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں، لاکھوں لوگ بیروزگار ہو رہے ہیں، جعلی حکومت عوام کے لئے کسی عذاب سے کم نہیں۔

بقیہ 6

صرف جھنگ کو ہے کیونکہ جھنگ دو سو سال پرانا ضلع ہے۔اور اسکی تحصیلیں ڈویژن اور اضلاع کا روپ دھار چکی ہیں جبکہ جھنگ کو ہمیشہ ہر دور کی پنجاب حکومت نے نا صرف نظرانداز کیا ہے بلکہ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا ہے ہم صرف اور صرف جھنگ ڈویژن بنانے کا مطالبہ کر رہے۔شورکوٹ اگر ضلع بنتا ہے تو بھی ہمیں اعتراض نا ہے مگر جھنگ کو ڈویژن کا اسٹیٹس دینا جھنگ کے ساتھ انصاف ہوگا۔ اسکے علاوہ جھنگ کے سیاستدانوں نے ہمیشہ اپنے مفاد کی جنگ لڑی ہے اپنے مفاد کے لیے انہوں نے جھنگ کے ساتھ زیادتیوں کی تاریخ رقم کی ہے۔جو کہ ناقابل بیان ہیں۔لہذا جھنگ کے سیاستدانوں کو جھنگ کی عوام کو ریجیکٹ کرنا ہوگا یا پھر ان کو مجبور کرنا ہوگا کہ وہ جھنگ کے حقوق کی جنگ لڑیں صرف اپنی تجوریاں نا بھریں۔پروٹوکول سے لطف اندوز نا ہوتے پھریں۔یہاں سیاستدانوں کے دن رات کمیشن کھانے اور تقسیم کرنے میں گزر رہے ہیں۔ووٹ جھنگ سے لیتے ہیں وفاداری سیاسی جماعتوں سے اس بنیاد کرتے ہیں کہ انکو وہاں سے مفاد حاصل ہے جبکہ سیاسی جماعتوں کو سوچنا ہوگا جو گھر کے وفادار نہ ہے گھر سے مخلص نا ہیں وہ ان کے ساتھ بھی نہیں ہوسکیں گے۔

بقیہ 7

سی ای او افیسر سکول سسٹم نوید اقبال ڈھڈی نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابائے تعلیم پروفیسر گوہر صدیقی کی ملک پاکستان میں شاندار تعلیمی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے اور اس موقع پر جھنگ کے 200 ٹیچر کو گوہر صدیقی بیسٹ ٹیچر ایوارڈ دیا جائے گا۔انہوں نے بتایا تقریب کے مہمان خصوصی ڈی سی جھنگ اکبر علی بھنڈر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تنویر احمد غزالی، سی ای او کیڈٹ کالج جھنگ کمانڈر صہیب فاروق تقریب میں شرکت کریں گے۔

بقیہ 8

لاہور میں چودھری محمد اشرف اور ڈاکٹر محمد عظیم کی جانب سے دیے گئے عشائیہ سے خطاب کر رہے تھے، عشائیہ تقریب میں ملک محمد یوسف، کرنل (ر) فاروق احمد خان، ڈاکٹر محمد آصف، قاری محمد قاسم، بلوچ مولانا وقاص حیدر، چوہدری محمد رفیق، محمد قاسم چیمہ اور دیگر نے شرکت کی، ڈاکٹر محمد آصف نے کہا کہ ایمان کی بنیاد توحید و ختم نبوت پر ہے، ایمان کی اس نعمت کا شکرانہ یہ ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر ایمان کی حفاظت کرنے والے بن جائیں، انہوں نے کہا کہ قادیانی سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دے کر ارتداد کو پھیلا رہے ہیں اور اس صورتحال کا تدارک پوری امت کی ذمہ داری ہے، مجلس احرار اسلام اس ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے کے لیے پرامن جدوجہد کر رہی ہے، انہوں نے کہا دعوت و ارشاد کا کام انبیاء کرام علیہم السلام کی سنت ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کو جاری و ساری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 9

جوتے پڑیں گے، ہم نشستیں جیت کر آئے مگر ہمارے ارکان کو ہراساں کیا جا رہا ہے، کارکنان کے گھر پر حملے کے دوران ہارٹ اٹیک سے 2 افراد کا انتقال ہوا۔منگل کو قومی اسمبلی کا اجلاس سپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔اجلاس میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فارم 47 والے اگر باہر جائیں گے تو انہیں جوتے پڑیں گے۔اس دوران حکومتی رکن نے قابل اعتراض لفظ کہا تو عمر ایوب نے بھی جواب میں وہی قابل اعتراض لفظ دہرا دیا جس پر ایاز صادق نے الفاظ حذف کرنے کی رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ میں تمام غیر پارلیمانی الفاظ حذف کرتا ہوں اور ساتھ ہی لائیو سٹریمنگ بھی روک دی۔عمر ایوب کا نے کہا کہ میں احتجاج کرنا چاہتا ہوں، ہم نشستیں جیت کے آئے ہیں، ہمارے ارکان کو ہراساں کیا جا رہا ہے، پنجاب پولیس نے احمد چٹھہ کے گھر پر چھاپہ مارا۔عمر ایوب نے کہا کہ اسامہ میلہ کے گھر پر چھاپہ مارا گیا، کارکنان کے گھر پر حملے کے دوران ہارٹ اٹیک سے 2 افراد کا انتقال ہوا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے پارٹی سربراہ کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو جھوٹے کیس میں سزا دی گئی، توشہ خانے کا ریکارڈ نکالیں اور گاڑیاں لینے والوں کے نام سامنے لائیں۔عمر ایوب کی تقریر کے دوران حکومتی ارکان کی جانب سے شدید احتجاج کیا گیا۔

بقیہ 10

تقریب میں گھوٹکی لائنز کلب اچیومنٹس کیک کاٹا گیا 'اس تقریب میں لائن زاہد عباس، زون چیئر پرسن زون ایمرلڈ لائن عمران یوسف زون ایڈوائزر زون ایمرلڈ لائن عمر سلیم، صدر لائن حافظ کاشف منیر سیکرٹری لائن حاجی محمد یونس، خزانچی لائن صوبیہ راجپوت لائن حافظ طیب، لائن ڈاکٹر حافظ محمد حبیب اللہ لائن محمد قدیر لائن محمد اشتیاق احمد صاحب لائن علی حسن، لائن حافظ ثاقب چاند لائن گوہر اراکین گھوٹکی لائنز کلب نے شرکت کی۔اس موقع پر لائن صوبیہ راجپوت صاحبہ لائن زاہد عباس، لائن حافظ محمد حبیب اللہ، لائن حافظ کاشف منیر کی شاعری نے تقریب کو چار چاند لگا دیئے اور تقریب کو یادگار بنا دیا۔تقریب کے اختتام پر پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 11

ساعت سے محروم بچوں کی صحتیابی کا مشن جاری ہے جس کے تسلسل میں 05 پولیس ملازمین کے بچوں کی کوکلئیر امپلانٹ سرجری کیلئے 83 لاکھ روپے فنڈز جاری کر دیئے ہیں۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ قبل ازیں پولیس ملازمین کے 28 بچوں کی کوکلئیر امپلانٹ کی کامیاب سرجری ہو چکی ہے۔کوکلئیر امپلانٹ سرجری سے سپیشل بچے نارمل انداز میں سننے اور زندگی گزارنے کے قابل ہوجائیں گے۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سب انسپکٹر اعظم علی کی 04 سالہ بیٹی، سینئر ٹریفک وارڈن محمد علی نیئر کے 03 سالہ بیٹے، ہیڈ کانسٹیبل محمد حسنین کی 03 سالہ بیٹی، ہیڈ کانسٹیبل امداد حسین کے 07 سالہ بیٹے اور کانسٹیبل عقیل احمد کی 03 سالہ بیٹی کی کوکلئیر امپلانٹ سرجری کیلئے 16 لاکھ 60 ہزار روپے فی کس جاری کیے ہیں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پانچوں بچوں کی کوکلئیر امپلانٹ سرجری ایور کیئر ہسپتال لاہور میں کی جائے گی۔''ہمارے پھول'' پراجیکٹ کے تحت پولیس ملازمین کے بچوں کی فلاح و بہبود اور علاج معالجے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے۔ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ تھیلیسیمیا اور سیریبرل پالسی کے شکار بچوں کو علاج معالجے کیلئے ماہانہ 10 ہزار بطور وظیفہ بھی دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 12

اجلاس زیر صدارت احمد رضا چشتی مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا، اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اجلاس میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر طالب حسین کیانی نے شرکت کی اور تمام گیسٹ حضرات کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ میڈیکل سٹور یا فارمیسی میں کوئی بھی میڈیسن بغیر وارنٹی اور ان رجسٹرڈ نہیں ہونی چاہیے، تمام میڈیکل سٹور اور فارمیسیز کا سیل پرچیز ریکارڈ ہونا چاہیے، اجلاس میں میڈیکل سٹورز اور فارمیسیز مالکان نے شرکت کی، اس موقع پر تمام میڈیکل سٹور اور فارمیسیز مالکان موجود تھے، انہوں نے متفقہ طور پر عہد کیا کہ ہم ان تمام باتوں پر عمل کریں گے، آخر میں اجلاس کے شرکاء کیلئے پرتکلف ڈنر کا اہتمام کیا گیا، علاوہ ازیں کیمسٹ ایسوسی ایشن کا اجلاس چشتی ڈرگ ہاؤس (11 موڑ) پرانی چیچہ وطنی پر منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر طالب حسین کیانی چیچہ وطنی نے شرکت کی اور تمام کیمسٹ حضرات کو بریفنگ دی۔

بقیہ 13

روح، پنجابی ثقافتی اور طلبہ کی شمولیت کا مظہر تھا۔افتتاحی تقریب میں ایم پی اے پی پی-135 آغا علی حیدر اور ایم پی اے پی پی-100 خان بہادر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔افتتاحی خطاب میں، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور طلباء کی مجموعی ترقی میں کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کی اہمیت پر زور دیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، آغا علی حیدر نے طلباء کو کھیلوں کی اہمیت سے آگاہ کیا اور اپنی تعلیمی زندگی میں بطور کھلاڑی اپنے تجربات شیئر کیے۔خان بہادر نے بھی طلباء کو صحت مند سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کی ترغیب دی اور انہیں محنت اور اپنے ادارے کی بہتری کے لیے کام کرنے کی تلقین کی۔تقریب میں گھوڑا ڈانس اور بھنگڑا جیسے رنگارنگ ثقافتی پروگرام بھی پیش کیے گئے، جو پنجابی ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔بی جی این یو کے سکھ طلباء نے بھنگڑا ڈانس میں جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔بابا گورو نانک یونیورسٹی اسپورٹس گالا 2025 کے باضابطہ آغاز کے لیے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر افضل نے رجسٹرار مبشر طارق، آغا علی حیدر اور خان بہادر کے ہمراہ مشعل روشن کی۔افتتاحی تقریب کا اختتام مین کیمپس اور جی سی کیمپس کے اساتذہ کے درمیان دلچسپ رسہ کشی کے مقابلے سے ہوا، جس نے پرجوش اور مسابقتی اسپورٹس فیسٹیول کی راہ ہموار کی۔بابا گورو نانک یونیورسٹی اسپورٹس گالا 2025 کی افتتاحی تقریب ایک شاندار ایونٹ ثابت ہوئی، جس نے ٹیم ورک، کھیلوں کی روح اور متحرک جامعاتی ثقافت کو فروغ دیا۔

بقیہ 14

میٹرک کے طلباء و طالبات کیلئے چیچہ وطنی کا تاریخ ساز سٹار آف چیچہ وطنی سکالرشپ ٹیسٹ لیا گیا جس میں 3370 طلباء و طالبات نے حصہ لیا، اس موقع پر پرنسپل پنجاب کالج چیچہ وطنی ملک عمران نے کہا ہے کہ پنجاب کالج (چیچہ وطنی کیمپس) چیچہ وطنی کا واحد ٹیوشن فری تعلیمی ادارہ ہے جو عرصہ 14 سال سے تعلیمی میدان میں بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے، جس سے مستفید ہوتے ہوئے 500 سے زائد ڈاکٹرز اور 250 سے زائد انجینئرز اب تک مختلف فیلڈز میں جا چکے ہیں اور اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور جدید تعلیم کیلئے پنجاب کالج ایک بہترین انتخاب ہے، سٹار آف چیچہ وطنی سکالر شپ ٹیسٹ کی کامیابی کا سہرا اساتذہ کرام، سٹاف کو جاتا ہے جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

بقیہ 15

کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 18 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی، پولیس تھانہ غازی آباد معمول کی گشت پر تھی کہ مخبر کی اطلاع پر پولیس نے چھاپہ مار کر محمد شکیل نامی منشیات فروش کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا اور اس کے قبضہ سے 18 لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 16

سیالکوٹ میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔پریڈ میں ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس اور لیڈی پولیس کے دستوں نے شرکت کی۔ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی۔دستوں نے مقررہ ترتیب کے مطابق مارچ کیا اور اپنی کارکردگی پیش کی۔جنرل پریڈ کے انعقاد کا مقصد فورس کے نظم و ضبط، جسمانی تیاری اور پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانا تھا۔ڈی پی او فیصل شہزاد نے پریڈ کے دوران اہلکاروں کے ٹرن آؤٹ اور پریڈ کی ترتیب کا بھی جائزہ لیا۔سیالکوٹ پولیس عوامی خدمت اور امن وامان کے قیام کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔

بقیہ 17

نے تعلیم کے شعبے میں بے پناہ توجہ دی، موجودہ دور میں تعلیم کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے کیونکہ اب ٹیکنالوجی کا دور آگیا ہے، جب سے موبائل فون اور کمپیوٹر عام ہوئے اس کے بعد تعلیم کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلشن راوی میں دی ارقم سکول کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس تقریب کے میزبان شاہد نوید ملک تھے جبکہ محمود حقانی، عمر شہباز، عدنان ملک، عمران ملک، منور اقبال و دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔شاہد نوید ملک کا کہنا تھا کہ دنیا کا مقابلہ کرنے کے لیے تعلیمی نصاب کو عالمی معیار کے مطابق کرنا ہوگا۔دی ارقم سکول میں نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت پر بھی خاص توجہ دی جاتی ہے اور بچوں کو قرآن پاک ناظرہ بھی پڑھایا جاتا ہے اور حفظ بھی کروایا جاتا ہے۔اب تک سینکڑوں طلبہ یہاں سے قرآن پاک حفظ کر چکے ہیں جو ہمارے ادارے کے لیے قابل فخر بات ہے۔شاہد نوید ملک کا کہنا تھا کہ برصغیر کی مثال سامنے رکھیں تو انگریزوں نے سب سے پہلے مسلمانوں کے تعلیمی نظام کو نشانہ بنایا تھا تاکہ مسلمان کمزور ہو جائیں اور ان کا مقابلہ نہ کر سکیں اور جب سرسید احمد خان نے مسلمانوں کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا تو مسلمانوں کو سب سے پہلے تاکید کی کہ وہ پہلے تعلیم حاصل کریں۔ہم اپنے قوم کے نونہالوں کو بہتر سے بہتر تعلیم دینے کے لئے کوشاں ہیں آنے والے دور آرٹیفشل انٹیلی جنس کا ہے جس کی کلاسز بھی یہاں شروع ہو چکی ہیں۔

بقیہ 18

انعقاد شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین خدام فکر اسلاف مولانا قاری محمد یامین گوہر چنیوٹی صاحبزادہ مولانا محمد بدر عالم چنیوٹی نے کہا کہ ماہ شعبان المعظم عظیم فضیلت رمضان المبارک کی تیاری کا مہینہ ہے شعبان کی 15 ویں رات شب برات رحمت خداوندی کے نزول کی رات اس رات اللہ تعالیٰ ساتویں آسمان سے پہلے آسمان پر جلوہ افروز ہوتے ہیں تاکہ اعمال کے بدلے کا فیصلہ کیا جائے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے صدائیں بلند کی جاتی ہیں کہ ہے کوئی حاجات پیش کرنے والا اسکی حاجات کو پورا کیا جائے گا عمر میں برکت حصول رزق حلال میں برکتیں بیماری میں تندرستی عطا کی جائے ہمیں چاہیے کہ ہم اللہ سے قریبی رشتہ جوڑلیں اور گناہ سے توبہ تائب ہوجائیں اور جو گناہوں سے توبہ کرلیں اور اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر اللہ کی خوشنودی حاصل کریں ہمارے ابتر حالات مکافات عمل اعمال صلح سے غفلت دین سے دوری کا نتیجہ ہے شب برات کو ذکر واذکار اور عبادات کا اہتمام کریں تاکہ خدا تعالیٰ ہم راضی ہوجائے جس سے اللہ راضی ہوگیا وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوجائے گا جیسے صحابہ کرام و اہلبیت رضوان اللہ علیہ اجمعین نے احکام خداوندی کی پیروی اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حصول ممکن بنایا اور امر ہوگئے جنکی زندگیاں پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں ہم بھی صحابہ کرام و اہلبیت کے نقش قدم پر عمل پیرا ہوں اسی میں ہماری کامیابی ہے۔

بقیہ 19

اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کیلئے پرعزم ہے جس کے تسلسل میں انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ریڈ اور بلیک بک میں شامل 70 اشتہاریوں کی ہیڈ منی کی سفارشات محکمہ داخلہ پنجاب کو بھجوا دیں ہیں۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سی ٹی ڈی کے ہیڈ منی کے 30 ریڈ بک جبکہ پنجاب پولیس کے 40 اشتہاری مجرم بلیک بک میں شامل ہیں۔سفارشات کی منظوری پر محکمہ داخلہ اشتہاریوں کے سروں کی قیمت کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔70 اشتہاری مجرمان کے سروں کی قیمت مجموعی طور پر 16 کروڑ 52 لاکھ روپے مقرر جبکہ ریڈ بک میں شامل اشتہاری مجرمان کی مجموعی ہیڈ منی 10 کروڑ 50 لاکھ روپے اور بلیک بک میں شامل اشتہاری مجرمان کی مجموعی ہیڈ منی 06 کروڑ 02 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔اشتہاری مجرمان پنجاب پولیس اور سی ٹی ڈی کو دہشتگردی، قتل، اقدام قتل، زیادتی اور اغوا برائے تاوان سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں مطلوب ہیں۔اشتہاری مجرم عبیدالرحمان کے سر کی قیمت 01 کروڑ 40 لاکھ روپے، موسیٰ کے سر کی قیمت 01 کروڑ 20 لاکھ اور یعقوب کے سر کی قیمت 90 لاکھ روپے مقرر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔عمران ستار، مسعود اظہر، منیر حسین کے سروں کی قیمت 70 لاکھ روپے فی کس مقرر کرنے کی سفارش۔عبدالرحمٰن مرزا، سمیع اللہ اور امین کے سروں کی قیمت 60 لاکھ روپے فی کس مقرر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔محمد افضل، محمد صفدر عرف ماما، حافظ سلیمان اور رضوان علی کے سروں کی قیمت 40 لاکھ روپے فی کس مقرر کرنے کی سفارش کی گئی اسی طرح بابا منصور، عابد، اکرم عرف ٹیپو، عبدالجبار عرف چھوٹا انجینئر، محمد اعظم اور محمد اعجاز عرف اعجاز علاقی کے سروں کی قیمت 25 لاکھ روپے فی کس مقرر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔عبدالماجد رشید، تنویر حسین، عمران زیدی، امجد عباس، بنیاد حسین، تنویر احمد اور عنایت اللہ شاہ کے سروں کی قیمت 25 لاکھ روپے فی کس مقرر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ 20

اطلاعات کی معاونت حاصل کی ہے۔مہمان خصوصی سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ کے چیئرمین حسن علی بھٹی تھے، جبکہ مہمان اعزاز افضل شاہین (سابق چیئرمین SIAL)، بیداری کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ارشد محمود مرزا، بیداری کی نائب صدر حنا نورین، اقبال گھمن، ڈاکٹر منور، روبی طارق اور دیگر معززین علاقہ نے بھی تقریب میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، حسن علی بھٹی نے اسمارٹ ویلج سنٹر کی تربیت یافتہ طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ یہ پروگرام دیہی علاقوں میں خواتین کو ڈیجیٹل مہارتیں فراہم کرنے کے لیے ایک انقلابی قدم ہے، جو انہیں خود مختار بنانے میں مدد دیگا۔افضل شاہین نے بیداری اور اسمارٹ ویلج سنٹر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کی ڈیجیٹل خواندگی اور ہنرمندی میں اضافے سے نہ صرف ان کے روزگار کے مواقع بڑھیں گے بلکہ یہ پورے معاشرے کی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوگا۔بیداری کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ارشد محمود مرزا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمارٹ ویلج سنٹر کا مقصد خواتین کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرکے انہیں بااختیار بنانا ہے، تاکہ وہ خود روزگار حاصل کرسکیں اور معیشت میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔حنا نورین نے طالبات کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے لیے یہ ایک نئے سفر کا آغاز ہے، جو انہیں معاشی طور پر مستحکم بنانے میں مدد دے گی۔مزید برآں، تقریب کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی تین طالبات کو خصوصی طور پر موبائل فون فراہم کیے گئے تاکہ وہ اپنی ڈیجیٹل مہارتوں کو مزید بہتر بنا سکیں اور آن لائن مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔تقریب کے اختتام پر معزز مہمانوں نے کامیاب طالبات میں اسناد تقسیم کیں اور ان کی مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔شرکاء نے بیداری اور اس کے پارٹنرز کے اس اقدام کو سراہا اور اس پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 21

حادثے کا شکار ہونا قابل مذمت ہے ہر سال سینکڑوں نوجوان غیر قانونی راستوں سے یورپ جاتے ہوئے لقمہ اجل بن جاتے ہیں جبکہ حکومت اور اس کے تمام متعلقہ ادارے ڈنگی روکنے میں بری طرح ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ہر سال تقریباً 15 ہزار افراد غیر قانونی راستوں سے ملک سے باہر جانے کی کوشش کرتے ہیں۔پہلے اس سفر میں کامیابی سے منزل پر پہنچنے کی شرح 50 فی صد تھی لیکن اب یہ شرح کم ہو کر محض 20 فی صد رہ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہبازشریف نے انسانی اسمگلنگ سے متعلق جاری تحقیقات جلد از جلد مکمل کرکے ٹھوس سفارشات پیش کرنے، سہولت کاری میں ملوث وفاقی تحقیقاتی ادارے کے اہلکاروں کی نشاندہی اور ان کے خلاف سخت کارروائی اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کو آپس کے رابطے مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی تھی، گزشتہ ماہ ایف آئی اے کے سربراہ احمد اسحٰق سمیت 40 سے زائد اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کیا گیا تھا مگر المیہ یہ ہے کہ چند دکھاوے کے اقدامات کرکے اس معاملے کو سرد خانہ میں ڈال دیا گیا۔اس سے ہنگامی بنیادوں پر نمٹ آزما ہونے کی ضرورت ہے۔روزگار کے لیے یورپ جانے کا سلسلہ 70 کی دہائی میں شروع ہوا تھا جو آج اپنے عروج پر پہنچا۔ان کا کہنا تھا کہ گجرات، منڈی بہاءالدین، سیالکوٹ، گوجرانوالہ سمیت وسطی پنجاب کے اضلاع سے بڑی تعداد میں لوگ قانونی اور غیر قانونی طریقوں سے یورپ پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔جہاں مقامی افراد میں دوسروں کی کامیاب زندگی کو دیکھتے ہوئے خطرات مول لینے کی خواہش پیدا ہوئی وہیں کئی ایسے نیٹ ورک اور ایجنٹس بھی منظم ہوئے جو لوگوں کو غیر قانونی طور پر یورپ لے جانے کا ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔آج یہ نیٹ ورک اتنا مضبوط ہو چکا ہے کہ اس کی جڑیں ہر ادارے میں سرایت کر گئی ہیں۔دنیا بھر میں تارکین وطن کی سمگلنگ کا مالی حجم 5.5 تا 7 ارب امریکی ڈالر سالانہ ہے جو مالدیپ یا مونٹی نیگرو کی مجموعی قومی پیداوار مجموعی جی ڈی پی کے مساوی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ 2022 سے 2023 تک سمگلروں نے 223,000 تارکین وطن کو بحیرہ روم کے پار منتقل کیا جو کہ شمالی افریقہ سے اٹلی تک پھیلا سمگلنگ کا ایک سب سے بڑا اور خطرناک ترین راستہ ہے۔یہ تعداد اس سے گزشتہ سال کے مقابلے میں 60 فیصد زیادہ تھی۔2023 تارکین وطن اور پناہ گزینوں کے لیے سب سے خطرناک ترین سال رہا ہے اس سال دنیا بھر میں آٹھ ہزار سے زیادہ لوگ مارے گئے تھے اور یہ تعداد 2022 کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ تھی۔جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے پاکستان میں تین قوانین ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ سزا 14 برس قید ہے۔ان میں امیگریشن آرڈیننس 1979 اور اس کے بعد 2018 میں منظور ہونے والے دو قوانین شامل ہیں۔ریڈ بک میں اس وقت 112 انتہائی مطلوب انسانی اسمگلروں کا ڈیٹا موجود ہے جن میں سے 54 کا تعلق وسطی پنجاب کے اضلاع سے ہے۔ان میں 16 ملزمان ایسے ہیں جن کے کوائف نئی لسٹ میں شامل کیے گئے ہیں۔ریڈ بک میں شامل انسانی اسمگلروں کے نیٹ ورک بہت مضبوط ہیں۔گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات اور منڈی بہاءالدین انسانی اسمگلنگ کے گڑھ سمجھے جاتے ہیں۔گزشتہ برس ریڈ بک میں شامل صرف نو انسانی اسمگلروں کو گرفتار کیا جا سکا جن میں سے چھ کا تعلق پنجاب اور تین کا تعلق اسلام آباد سے تھا۔حکومت کو اس کی روک تھام کے لئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور اس نیٹ ورک کا قلع قمع کرنا ہوگا۔

بقیہ 22

2 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور، عدالت نے چیئرمین قائمہ کمیٹی ریلوے، ممبر قومی اسمبلی رائے حسن نواز خاں کی 2 مقدمات میں 20 فروری تک عبوری ضمانت منظور کر لی، پیشی کے موقع پر وکلا کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 23

خوانی جمعرات کے روز دن ایک بجے ان کے آبائی شہر حسو بلیل میں ادا کی جائیگی۔حاجی شجاعت علی خان ٹیپو طویل عرصے سے صحافت کے شعبے سے وابستہ تھے اور شعبہ تعلیم و سماجی بہبود میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ان کی وفات پر صحافتی برادری، سیاسی و سماجی شخصیات نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔مرحوم کی ایصال ثواب کے لیے جمعرات کو ایک بجے قل خوانی کی جائے گی جس میں تمام عزیز و اقارب، دوست احباب اور چاہنے والوں سے گزارش ہے کہ مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی میں شرکت کی اپیل ہے۔

بقیہ 24

ہے کہ نمائشیں صنعت و تجارت کے فروغ اور معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں کیونکہ ان سے صنعتی شعبہ کو اپنی مصنوعات دنیا بھر میں متعارف کروانے کا موقع ملتا ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار ازبکستان سفارتخانے کے زیر اہتمام لاہور ایکسپو سنٹر میں میڈ ان ازبکستان نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ازبکستان کے سفیر برائے پاکستان، علی شیر توختاوف اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ نمائشیں نہ صرف نیٹ ورکنگ اور بین الاقوامی تعاون کے مواقع فراہم کرتی ہیں بلکہ کاروباری وسعت کے نئے راستے بھی کھولتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسی ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے نمائشیں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور صنعتی ترقی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔مزید برآں، یہ پالیسی سازوں، سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار بھی ادا کرتی ہیں۔انہوں نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور معاشی تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر زور دیا۔انہوں نے پاکستانی تاجروں پر زور دیا کہ وہ ازبکستان کی وسیع تجارتی صلاحیتوں سے استفادہ کریں۔میاں ابوذر شاد نے کہا کہ ازبکستان کا تیزی سے ترقی کرتا ہوا صنعتی شعبہ کے لیے پاکستان میں تجارت و سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع ہیں۔انہوں نے کہا کہ میڈ ان ازبکستان جیسی نمائشیں نئے تجارتی تعلقات استوار کرنے اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ نمائش میں رکھی گئی مصنوعات ازبکستان کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی معیشت کی عکاس ہیں۔ازبکستان کے سفیر برائے پاکستان علی شیر توختاوف نے پاکستانی کاروباری شخصیات کی شرکت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سنگل کنٹری نمائشیں اور تجارتی وفود کا تبادلہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں بھرپور معاونت کرتی ہیں لہذا دونوں ممالک کو اس جانب توجہ دینی چاہیے۔صدر لاہور چیمبر نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پاکستان کے کاروباری طبقے کی مضبوط آواز کے طور پر تجارتی و صنعتی ترقی کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔انہوں نے پاکستانی تاجروں پر زور دیا کہ وہ ازبکستان کی اسٹریٹجک مارکیٹ کے فوائد، کاروبار دوست پالیسیوں اور ترقی پذیر معیشت سے استفادہ کریں۔

بقیہ 25

کی زیر نگرانی منعقد ہوا جس میں جھنگ شہر کے معروف کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر اعظم طارق، اور ان کے علاوہ میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر عمر فاروق، ڈاکٹر افتخار جکھڑ، ڈاکٹر نعمان طاہر نے اپنی خدمات پیش کیں منعقد ہونے والے کیمپ میں 450 سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا اور ان کو مفت ادویات کے ساتھ ساتھ ہر طرح کے میڈیکل ٹیسٹ اور ای سی جی جیسی مفت طبی سہولیات بھی فراہم کی گئیں ڈاکٹر سہیل فاروق نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن انسانیت کیلئے بہترین خدمات انجام دے رہی ہے کیمپ سے ضرورت مند بیمار افراد کو بہت بڑا ریلیف ملا ہے جھنگ سٹی کی عوام کی جانب سے کیمپ کے انعقاد پر الخدمت فاؤنڈیشن کی کارکردگی کو خوب سراہا گیا اور اس کیمپ کے انعقاد میں اہم کردار ادا کرنے پر جھنگ سٹی کیلئے درد دل رکھنے والے کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر اعظم طارق اور مینجنگ ڈائریکٹر عمر فاؤنڈیشن رانا عمر دراز کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ کیمپ میں ڈاکٹرز ڈونرز اور الخدمت کے والنٹیر نے بھرپور جذبہ سے کام کیا ہے اللہ تعالیٰ انکی کاوش کو قبول فرمائے۔

بقیہ 26

ہے۔اپنے ایک بیان میں خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ جعلی ڈومیسائل مافیا کراچی کے علاوہ کہیں نہیں، میری اولاد کا مستقبل داؤ پر لگا ہے میں تو برداشت نہیں کروں گا۔انہوں نے کہا کہ ہر سال 80 ہزار بچے ملک سے باہر جا رہے ہیں۔صحت اور تعلیم انتی مہنگی ہے۔خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ گورنر پنجاب کو بتادیں کہ ان کے صدر بھی فارم 47 والوں کے ووٹ سے بنے ہیں۔

بقیہ 27

جنرل جاوید اعوان اور دیگر قانونی افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ملاقات کے دوران بیرسٹر امجد ملک اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مابین باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔بیرسٹر امجد ملک نے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے 41 اضلاع میں قائم خصوصی عدالتوں کے حوالے سے بریفنگ دی اور ان عدالتوں کے قیام میں حکومت کے عزم پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی توجہ اور دلچسپی قابل تحسین ہے، جو تارکین وطن کے مقدمات کے جلد از جلد حل کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔بیرسٹر امجد ملک نے مزید کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے "ای کچہری" کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے، جس کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانی براہ راست اپنے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچا سکیں گے۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل جاوید اعوان نے بیرسٹر امجد ملک کو ہر ممکن قانونی تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ تارکین وطن کا ہر مسئلہ ہمارا اپنا مسئلہ ہے، اور اس کا حل نکالنا ہماری قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 28

ایک بہت بڑے اجتماع بسلسلہ ایصال ثواب صوبیدار محمد حسین، سوار محمد اسلم شہید و ملک ارحم علی پٹواری مرحوم زیر اہتمام ملک نوید اصغر اعوان، ملک ادیب اصغر اعوان، ملک عقیل اصغر اعوان سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد سے دنیا سے اندھیرا اور تاریکی ختم ہو گئی اور ہر طرف اجالا ہو گیا، پسماندہ اور معاشرے کے ستائے ہوئے افراد کو پرسکون زندگی گزارنے کا موقع ملا۔اسلامی نظریاتی کونسل کے ممبر صاحبزادہ حسان حسیب الرحمن نے بھی اس موقع پر خطاب کیا اور کہا کہ محافل میلاد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اظہار محبت کا ذریعہ ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت سے انسانیت کی بھلائی و خیر کے دروازے کھلے، بھٹکی ہوئی انسانیت کی فلاح و کامرانی کا آغاز ہوا اور دنیا پر چھائے گمراہی کے بادل چھٹ گئے۔انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کی خوشی منانے کا مقصد اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانا ہے کہ اس نے ہمیں اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں پیدا فرمایا، ہمیں نہ صرف اپنی زندگیوں کو سیرت رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق ڈھالنا چاہئے بلکہ عزیز و اقارب اور دوست احباب کو بھی اس کی تلقین کرنی چاہئے تاکہ وہ بھی اپنی زندگیاں تعلیمات محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق ڈھال سکیں، ہر مسلمان کیلئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کی خوشی کائنات کی سب سے بڑی خوشی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملت اسلامیہ اپنا کھویا ہوا وقار تب ہی دوبارہ حاصل کر سکتی ہے جب وہ تعلیمات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عمل پیرا ہو اور خود کو دامن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جوڑے۔محفل سے غلام مصطفیٰ قادری کراچی۔الحاج ساجد قادری کراچی اور محمد حسین علی اعوان نے ہدیہ نعت بحضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کیے۔ نقابت کے فرائض افتخار احمد رضوی نے سرانجام دیے۔اس موقع پر آستانہ عالیہ حضرت خواجہ زندہ پیر رحمۃ اللہ علیہ گھمکول شریف کوہاٹ کے خلیفہ مجاز پیر صوفی مظہر حسین نقشبندی، خلیفہ عیدگاہ شریف رانا ضمیر اختر، رکن قومی اسمبلی چوہدری ارمغان سبحانی، ممبر پنجاب اسمبلی رانا محمد عارف ہرناہ، چوہدری شاہد محمود وڑائچ (امریکہ)، چوہدری مقصود وڑائچ، چوہدری محمد اسحاق سابق ایم ایل اے، حاجی جمیل بھٹی، محمد فیاض نقیبی حاجی محمد لطیف گرین ایپل مارکی والے، ملک محمد اشرف نقیبی و دیگر بھی اس موقع پر یہاں موجود تھے۔محفل کے اختتام پر بذریعہ قرعہ اندازی 6 خوش نصیبوں کو عمرہ کے فری ٹکٹس اور 6 کو موٹر سائیکل دیئے گئے

بقیہ 29

پڑتال کے لیے پاکستان میں ہے۔نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات میں پروگرام کے نفاذ اور جائیداد کے حقوق سے متعلق تفصیلات طلب کیں۔آئی ایم ایف وفد سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ میں نے آئی ایم ایف کے وفد کو جواب دیا ہے کہ ہم نے آئین کے تحت عدلیہ کی آزادی کا حلف اٹھا رکھا ہے، یہ ہمارا کام نہیں ہے کہ آپ کو ساری تفصیلات بتائیں، وفد کو نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی کے ایجنڈے کا بتایا، وفد کو بتایا کہ ماتحت عدلیہ کی نگرانی ہائیکورٹس کرتی ہیں۔چیف جسٹس نے کہا کہ آئی ایم ایف کے وفد نے کہا معاہدوں کی پاسداری، اور پراپرٹی حقوق کے حوالے سے جاننا چاہتے ہیں، میں نے جواب دیا اس پر اصلاحات کر رہے ہیں، وفد کو بتایا کہ آپ بہترین وقت پر آئے ہیں، آئی ایم ایف وفد کو عدالتی ریفارمز، نیشنل جوڈیشل پالیسی سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف وفد نے پروٹیکشن آف پراپرٹی رائٹس پر تجاویز دیں، میں نے وفد کو بتایا ہم تجویز دیں گے، ہائیکورٹس میں جلد ساعت کے لیے بنچز بنائیں گے، وفد سے کہا جو آپ کہہ رہے ہیں وہ دوطرفہ ہونا چاہیے، وفد نے کہا ہم پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا تحفظ چاہتے ہیں، میں نے وفد سے کہا ہمیں عدلیہ کے لیے آرٹیفیشل انٹیلی جنس درکار ہوگی۔چیف جسٹس نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کا خط مل گیا ہے، جس میں سنجیدہ نوعیت کے نکات شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے خط کو ساتھ دیگر مواد بھی منسلک کیا ہے، بانی پی ٹی آئی جو ہم سے چاہتے ہیں، وہ آرٹیکل 184 شق 3 سے متعلق ہے، میں نے کمیٹی سے کہا کہ اس خط کا جائزہ لے کر فیصلہ کریں، بانی پی ٹی آئی کا خط ججز آئینی کمیٹی کو بھجوایا ہے، کمیٹی طے کرے گی، یہ معاملہ آرٹیکل 184 شق 3 کے تحت آتا ہے، اسے آئینی بینچ نے ہی دیکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں سے عدالتی اصلاحات کے لیے ایجنڈا مانگا۔بانی پی ٹی آئی کے خط کے مندرجات سنجیدہ نوعیت کے ہیں، آئینی بینچ کمیٹی خط پر فیصلہ کرے گی، ججز پنیک کر جاتے ہیں شائد ان کو اعتبار نہیں رہا اس میں قصور میرا ہے، خط لکھنے والے ججز کو انتظار کرنا چاہیے تھا، ہمیں چیزوں کو مکس نہیں حل کرنا ہے، ہمیں سسٹم پر اعتبار کرنا ہوگا۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ مجھے وزیراعظم کا خط بھی آیا ہے، تاہم وزیراعظم کو اٹارنی جنرل کے ذریعے سلام کا جواب بجھاتے ہوئے پیغام دیا کہ خط کا جواب نہیں دوں گا، میں نے وزیراعظم صاحب کو بذریعہ اٹارنی جنرل کہا اپنی ٹیم کے ساتھ آئیں۔انہوں نے کہا کہ ہم نے قائد حزب اختلاف سے بھی بڑی مشکل سے رابطہ کیا، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کو سپریم کورٹ مدعو کیا ہے، ہم نے حکومت اور اپوزیشن دونوں سے عدالتی اصلاحات کے لیے ایجنڈا مانگا ہے، پاکستان ہم سب کا ملک ہے۔چیف جسٹس سے ملاقات کے دوران صحافیوں نے سوال کیا کہ بانی پی ٹی آئی کے خط کو ججز آئینی کمیٹی کو بھیجنے کے لیے کن وجوہات یا اصولوں کو منظر رکھا گیا، عدلیہ میں اختلافات کو ختم کرنے کے لیے کیا اقدامات کریں گے؟۔چیف جسٹس نے کہا کہ خط لکھنے والی ججز کی پرانی چیزیں چل رہی ہیں، انہیں ٹھیک ہونے میں وقت لگے گا، پرانی چیزیں ہیں، آہستہ آہستہ سب ٹھیک ہوجائے گا، خط لکھنے والے ججز کی وجہ سے ایک اہل جج سپریم کورٹ کا حصہ بننے سے رہ گیا، چیف جسٹس کو لکھا جانے والا خط مجھے ملنے سے پہلے میڈیا کو پہنچ جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ججز پینک کر جاتے ہیں، شاید انہیں اعتبار نہیں رہا، اس میں قصور میرا ہے، خط لکھنے والے ججز کو انتظار کرنا چاہیے تھا، ہمیں چیزوں کو مکس نہیں بلکہ حل کرنا ہے، ہمیں سسٹم پر اعتبار کرنا ہوگا۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ میں نے ججز سے کہا ہے سسٹم کو چلنے دیں، سسٹم کو نہ روکیں، میں نے کہا مجھے ججز لانے دیں۔انہوں نے کہا کہ میں جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کو سپریم کورٹ میں لانے کا حامی ہوں، میرے بھائی ججز جو کارپوریٹ مقدمات کرتے تھے، وہ آج کل مقدمات ہی نہیں سن رہے، جب وقت آئے گا جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کا نام چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کے لیے زیرغور ہوگا۔

بقیہ 30

یقین رکھتی ہے۔اظہار رائے کی آزادی پر قدغن لگانے کا سوچ بھی نہیں سکتے تاہم صحافیوں سمیت سٹیک ہولڈرز کو ملک کی بہتری اور ترقی کے ذمہ دارانہ رویئے کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا میرٹ کی بالادستی ہماری ترجیح ہے۔نوجوان ملک کا مستقبل ہیں نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے لئے بھی وسیع مواقع فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا نوجوانوں میں مایوسی اور انتشار پھیلانے کی کوشش کی گئی جو بری طرح ناکام ہوئی۔وزیراعظم شہبازشریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز پوری محنت اور لگن سے کام کر رہے ہیں۔اور پاکستان ٹیک آف کرنے کی پوزیشن پر آچکا ہے۔وزیراعظم نے ملک میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ کی۔وہ نوجوانوں کو بھرپور وسائل فراہم کرنے کا تہیہ کیے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا پاکستان کے نوجوانوں سے اب کوئی کھیل نہیں سکتا۔بلکہ نوجوانوں کو ملک کے روشن مستقبل کا ضامن بنانے کے لئے انھیں ہر طرح سے سازگار ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔

بقیہ 31

مرد و خواتین کھلاڑیوں نے اگلے ہارس اینڈ کیٹل شو میں بھی شرکت کا اعلان کر دیا۔غیر ملکی ٹیموں کے کھلاڑیوں نے ہارس اینڈ کیٹل شو کے بہترین انتظامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کی ثقافت اور لاہوریوں کی زندہ دلی دیکھ کر دل خوش ہو گیا ہے۔نیزہ بازی کے غیر ملکی کھلاڑی نے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ اگلے ہارس اینڈ کیٹل شو میں بھی شرکت کرنا چاہوں گا۔ہارس اینڈ کیٹل شو میں 13 بین الاقوامی ٹیمیں بھی شریک ہیں۔ان میں کویت، ناروے، عمان، قطر، مصر، سعودی عرب، ساؤتھ افریقہ، امریکہ کی نیزہ باز ٹیمیں شامل ہیں۔ پاکستان، ایران، ترکیہ، ازبکستان، قزاقستان، کرغستان، تاجکستان کی تیر انداز ٹیموں نے بھی ہارس اینڈ کیٹل شو میں بھرپور کھیل کا مظاہرہ کیا۔نیزہ بازی کی 9 اور تیراندازی کی 4 بین الاقوامی ٹیمیں مقابلوں میں شریک ہیں۔ملک بھر سے 54 ٹیمیں ہارس اینڈ کیٹل شو میں شرکت کر رہی ہیں۔شہسواروں نے گھڑ سواری اور نیزہ بازی کی کمال مہارت کا مظاہرہ کیا، شائقین نے بھرپور داد دی۔ماہر گھڑ سوار روایتی لباس زیب تن کئے میدان میں سرگرم نظر آئے۔شائقین کی بڑی تعداد نے فورٹریس سٹیڈیم میں ہارس اینڈ کیٹل شو دیکھا۔تین روزہ نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو لاہور 10 فروری سے شروع ہوا ہے۔30 سال بعد پہلی بار 70 بین الاقوامی ٹیمیں بھی شو کا حصہ بنی ہیں۔"ہارس اینڈ کیٹل شو 2025" کا عنوان "اتحاد، ترقی اور ثقافت کی بحالی" ہے۔

بقیہ 32

وپیداوار رانا تنویر نے کہا ہے کہ رمضان میں ہر ضلع میں چینی رعایتی قیمتوں پر دستیاب ہوگی، چینی کی تقسیم کیلئے مائیکرو پلان رواں ہفتے سامنے لایا جائے گا۔وفاقی وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کی زیر صدارت پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کا اجلاس ہوا جس میں انہوں نے کہا کہ ہر ضلع میں چینی کی تقسیم کیلئے مائیکرو پلان رواں ہفتے سامنے لایا جائے گا۔اجلاس میں پی ایس ایم اے نے عوامی استعمال کیلئے کم قیمت پر چینی فروخت کا عزم کیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ رمضان میں ہر ضلع میں چینی رعایتی قیمتوں پر دستیاب ہوگی، رمضان سے تین دن قبل چینی کے اسٹالز لگائے جائیں گے جو 27 رمضان تک جاری رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ چینی کے سٹالز پر وافر مقدار میں چینی دستیاب ہوگی، ملک بھر میں صوبائی حکومتوں کے تعاون سے چینی کے اسٹالز لگائے جائیں گے، رعایتی قیمتوں پر چینی کی قیمت کا اعلان رواں ہفتے کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ رمضان عبادت کا مہینہ ہے، اس دوران غریب طبقے کو کم قیمت پر چینی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 33

آغا خان چہارم ایک عالمی سطح پر معروف رہنما تھے جنہوں نے تعلیم، صحت، ثقافت اور ترقی کے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ان کی وفات پر دنیا بھر میں تعزیت کا اظہار کیا جا رہا ہے، اور ان کی میراث کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرہ بلوچ کا اسماعیلی کلچرل سنٹر کا دورہ اور ان کے تعزیتی کلمات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ پرنس کریم آغا خان کی خدمات کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے، خاص طور پر پاکستان اور دیگر ترقی پذیر ممالک میں ان کے فلاحی منصوبے آج بھی لاکھوں لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لا رہے ہیں۔

بقیہ 34

کے ہمراہ پسپ پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ، ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال، خواجہ ٹیپو، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن اقبال سنگھیڑا، چیف انجینئر پسپ شیخ طاہر، سیف اللہ، سی او ایم سی ایس ایس ملک اعجاز اور سٹی مینیجر پسپ علی خان بھی موجود تھے۔رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ پنجاب سٹیز امپروومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام (پسپ) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ رہے ہیں، سیوریج اور واٹر سپلائی کی لائنیں اور کنڈوٹ ڈالنے کے بعد روڈز اور گلیوں کی بحالی کے کام کو 30 روز میں مکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پسپ پراجیکٹ کا واحد مقصد سیالکوٹ کے باسیوں کا معیار زندگی بہتر بنانا ہے اس ضمن میں حکومت پنجاب نے ایشین بینک کے اشتراک سے پسپ پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ کوالٹی کو یقینی بنانے کیلئے اس منصوبے میں نیسپاک کے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جن کی بنیادی ذمہ داری ڈیزائن کے مطابق منصوبے کی تکمیل ہے اور منصوبے بروقت تکمیل ہے۔انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن اور پسپ ٹیم مل کر منصوبے کی کوالٹی اور بحالی کیلئے کام کریں تاکہ ان منصوبوں کے ثمرات عوام الناس تک پہنچ سکیں اور ان کا معیار زندگی بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 35

مزدور پہلے ہی سوشل سیکورٹی کارڈز بنانے کے منتظر تھے کہ جن چند مزدوروں کے سوشل سیکورٹی کارڈز پہلے سے بنے ہوئے تھے وہ بھی بند کر دیئے گئے ہیں جو مزدوروں پر ظلم ہے۔اس ظلم و زیادتیوں کے خلاف جھنگ کے ہزاروں مزدور جن میں بھٹھہ مزدور، پاور لومز مزدور اور فیکٹریوں اور ملوں میں کام کرنے والے مزدور بروز جمعہ 14 فروری کو سوشل سیکورٹی دفتر کے باہر احتجاجی دھرنا دیں گے جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جھنگ میں مزدوروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ضلعی صدر پاکستان کسان رابطہ کمیٹی نور خان بلوچ، ضلعی سیکرٹری لیبر قومی موومنٹ چوہدری اکبر جٹ، صدر بھٹھہ اتحاد یونین شوکت علی اور صدر جھنگ ڈویژن بناؤ تحریک ریاض شاہد بلوچ سمیت سیکٹر صدور بھی موجود تھے۔

بقیہ 36

مین کو یرغمال بنا کر گودام سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان لوٹ لیا، اونر رحمانیہ رائس ملز لبین رحمانی نے اتھ روڈ گودام بنایا ہوا ہے گزشتہ شب کار سوار چار مسلح ڈاکو آ گئے اور گن مین کو یرغمال بنا لیا اور گودام سے لاکھوں روپے مالیت کے بیس توڑے چاول، سکریپ بیٹریاں، کمپیوٹر سکریپ، کپمپر لیسر سکریپ گاڑی میں لوڈ کر کے فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی۔

تھانہ اوکانوالہ بنگلہ کی حدود 66 موڑ میں چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی عوام کا اظہار تشکر

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر) چیچہ وطنی تھانہ اوکانوالہ بنگلہ کی حدود 66 موڑ میں چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی۔ عوام کا اظہار تشکر . نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او شہزاد علی جوئیہ کی انتھک محنت اور لگن سے علاقہ میں چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی. قبل ازیں اس علاقہ میں چوری کی وارداتوں کا سلسلہ عروج پر تھا علاقہ مکینوں میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا تھا مگر نو تعینات ہونے والے ایس ایچ او شہزاد علی جوئیہ کی محنت اور کوششیں رنگ لائیں اور وارداتوں میں نمایاں کمی ہوئی جس سے عوام کو سکھ کا سانس آیا. عوام نے ایس ایچ او اور انکی ٹیم پر اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا اور اپنے فرائض منصبی کو احسن طریقے سے نبھانے پر خراج تحسین پیش کیا۔

دیپالپور میں شہری کی جھوٹے مقدمے میں ضمانت منظور

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) معزز شہری سلیم کی جھوٹے اور بے بنیاد مقدمہ میں وکیل صفائی رانا اویس قرنی کے دلائل کی روشنی میں ضمانت منظور، واقعات کے مطابق تھانہ حجرہ شاہ مقیم میں درج مقدمہ نمبر 2520/24 بجرم 324 میں (نامزد ملزم) معزز شہری سلیم کی ضمانت عدالت صغیر علاقہ مجسٹریٹ دیپالپور میں گزشتہ روز زیر سماعت تھی جس میں وکیل صفائی معروف قانون دان رانا اویس قرنی ایڈووکیٹ نے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بہترین قانونی دلائل دیئے جس پر عدالت نے معزز شہری (نامزد ملزم) سلیم جٹ گل کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔

بعدالت جناب ہمایوں پرویز صاحب
سول جج درجہ اول لاہور

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی عنوان: محمد بلال خان بنام عوام الناس وغیرہ محمد بلال خان ولد جاوید اقبال ساکن مکان نمبر 75/A بلاک F2 تحصیل رائیونڈ جوہر ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل/سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 17-02-2025 کو اصالتاً و اکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت مہر شوکت علی ساہمل
تحصیلدار جھنگ

عنوان: وراثتی انتقال بحوالہ انتقال نمبر 10514 ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد بخش جو کہ وفات پا چکا ہے اس کی ملکیتی اراضی واقع موضع کوٹ سائی سنگھ تحصیل و ضلع جھنگ کا وراثتی انتقال عمل میں لایا جا رہا ہے متوفی کے وارثان میں فاضل والد پہلے فوت شد، بکھاں والدہ زندہ، نوشین اختر بیوہ زندہ، محمد عامر پسر زندہ، سندس پروین، رفعت پروین، رمشہ بی بی دختران زندہ کو ظاہر کیا گیا ہے اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں پیش ہوں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔(دستخط و مہر مجاز عدالت)

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ
سول جج درجہ اول عارف والا

دعویٰ: استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی،
بعنوان: علی شیر وغیرہ بنام محمد افضل وغیرہ اشتہار بنام: عالیہ افضل بیوہ محمد افضل، محمد بلال، محمد موسیٰ، محمد طلال پسران محمد افضل اقوام جٹ ورک کا بالغان برفاقت والدہ حقیقی مدعا علیہا 1A سکنائے چک نمبر 19/KB تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن شریف۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 15-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد حنیف نوناری
صاحب/گارڈین جج III لاہور

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین' بعنوان: زاہدہ پروین بنام عوام الناس زاہدہ پروین زوجہ محمد رحیم ساکن باغبانپورہ ساکن مکان نمبر 4 گلی نمبر 3 محلہ شاد باغ پارک دورغہ والا لاہور کینٹ لاہور بنام عوام الناس ۔ ہر گاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 20-02-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً و وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

روزنامہ قدامت

SPECIAL EDITION

اشاعت خاص

تحریر: سید فہیم اکرم

پنجاب حکومت کا 1 سال: دوسرے صوبوں کیلئے مثال

وزیر اعلیٰ نے 75 سے زائد ترقیاتی منصوبے شروع کئے' 50 سے زائد تکمیل کو پہنچ چکے، غریب عوام، طلبہ، تاجر، کسان، خواتین اور خصوصاً اقلیتوں کو خصوصی ریلیف پروگرامز پر عملدرآمد تیز

کینسر ہسپتال کے قیام پر کام شروع، ویلز کلینکس کا آغاز، لائیو اسٹاک، سبزی منڈی اور فشنگ مارکیٹوں کی بہتری کیلئے زبردست انقلابی اقدامات، ملک میں پہلی بار ائیر ایمبولینس سروس اور، اپنا گھر اپنی چھت پروگرام، پر عملدرآمد شروع

ملک وقوم کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ سیاسی ومعاشی استحکام قائم رہے تاکہ حکومت کی جانب سے بنائی جانے والی پالیسیاں اور منصوبے بہتر مستحکم اور دیرپا نتائج دیں اور خدانخواستہ ادھورے نہ رہ جائیں

پنجاب حکومت کا ایک سال مکمل ہوگیا۔ کیا کھویا کیا پایا۔ وقت نے کیا سکھایا۔ ملک کی کتنی خدمت کی، کیا اقدامات صوبے کے عوام کے وسیع ترمفادات کے لئے معاون ثابت ہوئے۔ کن امور پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ کون سے احکامات فقط مخالفین کی ضد میں کرنے میں وقت ضایع کیا گیا۔ اور کون سے مخالفین کی بے جا تنقید و مزاحمت پر ترک کردئے گئے جنھیں جاری رہنا چاہئے تھا۔ دوسرے عوام کی بے لوث وبغیر سیاسی وابستگی ملحوظ رکھے ان کی بھلائی کیلئے منصوبے بنائے گئے۔ کس شعبہ زندگی کی تنزلی ہوئی کون ساشعبہ ترقی کی راہ پر گامزن ھوا۔ سال بھر کے معاملات چلانے میں کن دشواریوں سے نبرد آزما ہوئے، اور انکے حل یا متبادل راہ نکال سکے۔ ضروری ھے کہ ان سب کاموں کا سچے من سے اجمالا ذکر اور انکا تجزیہ کیا جائے تاکہ کئے گئے اقدامات کی تحسین و اصلاح ہوسکے۔ اور حکومت وعام قاری کو پتا چلے کہ اب ھم کہاں کھڑے ھیں اور اگلا نیا شروع ہونے والا سال ھم سے کیا تقاضے کر رہا ھے۔

ریاست میں بیورو کریسی سول ہو یا فوجی، عدالتیں اور صحافت وہ شعبے ہیں جو حکومت کے اعضاء رئیسہ مانے جاتے ھیں۔ یہی شعبے قانون اور پالیسیز بنانے ان پر عملدرآمد کرانیاور ملک وقوم کے مجموعی تحفظ کو قائم رکھتے اور عدل و انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کا کام کرتے ہیں ہیں۔

کسی بھی ملک وقوم کی ترقی کیلئے ضروری ھے کہ حکومتی اور سیاسی استحکام قائم رہے تاکہ بنائی جانے والی پالیسیاں اور منصوبے بہتر مستحکم اور دیرپا نتائج دے سکیں اور ادھورے نہ رہ جائیں، یہی وجہ ھے کہ نظام حکومت جو بھی رہا ہو یعنی امریت، جمہوریت، ملوکیت یا صدارتی جہاں بھی نظام کو استحکام رہا وہ ممالک ترقی کرتے گئے' اسلئے ضروری ہے کہ جو حکومت میں آجائے عوام اسے تسلیم کرے اور ادارے اس سے بھر پور تعاون کریں۔ تاکہ ملک وقوم اسٹیبل ہوسکے۔

صوبہ پنجاب میں 2024ء میں بننے والی مسلم لیگ ن کی حکومت نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں ایک سال میں بہت سے احسن اقدامات کئے۔ متعدد عوامی فلاح کے منصوبے بنائے اور ان کیلئے متعدد شعبوں کے تحت نئے منصوبے بنائے۔ انکے لئے بعض نئے قوانین بھی متعارف کرائے۔ ان حکومتی اقدامات کا الگ الگ جائزہ یقیناً نہ صرف عوام کی رائے میں مثبت تبدیلی کا باعث ہوگا بلکہ حکومت کیلئے آئندہ فیصلے لینے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

اعداد وشمار کے مطابق پنجاب حکومت نے سال بھر میں 75 سے زائد عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبے شروع کئے تھے اور حکومت پنجاب کے مطابق ان منصوبوں میں سے 50 کے لگ بھگ منصوبے تکمیل تک پہنچ بھی چکے ہیں، قابل تحسین بات یہ ھے کہ یہ منصوبہ جات پنجاب حکومت نے اپنے صوبائی وسائل میں ہی پورے کئے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب کے مطابق پنجاب ترقی و خوشحالی، ریلیف اور کارکردگی میں تمام صوبوں کو لیڈ کررہا ھے۔ اور بلاتفریق و جانبداری یہ ریلیف طلبہ، کسان، خواتین اور نوجوانوں سمیت ہر طبقے کو دیا گیا۔۔ اگر آج کے حالات کا ماضی قریب میں پنجاب کے حالات سے موازنہ کیا جائے تو انکی یہ بات بالکل درست ثابت ہوتی ھے۔ جو موجودہ پنجاب حکومت کیلئے قابل فخر اور صوبے کی عوام کیلئے قابل قدر ھے۔ اگر کہا جائے کہ 2024ء پنجاب کی تاریخ کا کامیاب ترین سال ھے تو یہ بے جا نہ ہوگا۔ خاص کر پنجاب حکومت کا سب سے احسن اقدام پہلی بار اقلیتوں کیلئے ریلیف پیکیج دینا ہے، جبکہ مریم نواز نے بطور وزیر اعلی پنجاب حلف اٹھاتے ہی پہلا اقدام مستحق افراد کیلئے رمضان نگہبان پیکج کے فوری اجرا کی صورت میں کیا۔ پورے پنجاب میں روٹی کی قیمت میں کمی کی۔ آٹے کے 20 کلو کے تھیلے میں 1200 روپے تک چھوٹ دی گئی۔ مریم نواز کا ایک اور بہت زبردست قدم کلینک ان ویلز اور فیلڈ ہاسپٹل کا منصوبہ ہے' اسکے تحت بلاتفریق پنجاب بھر میں کینسر، ٹی بی، ہیپاٹائٹس کے مریضوں کو طبی سہولیات شہریوں کے دروازے تک بالکل مفت پنہچائی جارہی ہیں۔ جو انتہائی قابل تحسین ھے۔ اس کے علاوہ دور دراز علاقوں سے پہلی مرتبہ مریضوں کو فضائی ایمبولینس کے ذریعے بڑے شہروں میں موجود ہسپتالوں تک پنہچانے کا اہتمام کیا گیا ھے۔ فضائی ایمبولینس کی اس سروس کا جاری کرنا پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار کیا گیا ھے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے 27 ہزار طلباو طالبات کو الیکٹرک بائیکس کی میرٹ پر تقسیم کیا جانا بھی بہت احسن قدم ھے۔ مزید بائیکس کی تقسیم کیلئے بائیکس کی تعداد ایک لاکھ تک کردی گئی ھے۔ نیز 30 ہزار طلبا کیلئے اسکالرشپ پروگرام شروع کیا تھا جس کا وظیفہ فی کس 30 ہزار رکھا گیا تھا۔ جسے بڑھا کر اب ایک لاکھ کردیا گیا ھے۔ موسم گرما میں بجلی کے بلوں میں دو ماہ تک 54 ارب روپے کا ریلیف دیا ھے جس سے پنجاب کے ساڑھے سات لاکھ لوگ استفادہ کرینگے۔ اسکول جانے والے بچوں کیلئے نیوٹریشن پروگرام کا آغاز کیا۔ یہ اغاز کیا بھی جنوبی پنجاب کے ضلع ڈیرہ غازی خان سے گیا۔ مظفرگڑھ سے ایک اور بڑا شریمپ منصوبہ شروع کیا۔ مزید یہ کہ آٹمز اسکول قائم کیا گیا صوبے بھر میں اسکولوں کی ری آرگنائزیشن کا بھی کام تیزی سے جاری و ساری ھے۔ متوسط طبقے کے بے گھر افراد کیلئے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کا آغاز کیا۔ مریم نواز نے پہلے نواز شریف آئی ٹی سٹی کے قیام کے منصوبے پر بھی عملدرآمد شروع کیا ہے۔ پاکستان میں پہلے سرکاری نواز شریف کینسر ہسپتال کا بھی منصوبے کا آغاز کردیا۔ اس منصوبے پر 54 رب روپے لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ھے۔ ہسپتال ایک ھزار بیڈ پر مشتمل ہوگا اور اسکا پہلے فیز امسال ہی مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ھے۔ وزیر اعلی نے چینی ماھرین سے بھی اس سلسلے میں معاونت طلب کی ھے۔ سرگوھا کے کھنڈر بنے کارڈیا لوجی کو نواز شریف کارڈیا لوجی ہسپتال کے نام سے منسوب کرکے از سرنو اس کی مرمت اور تزئین وارائش اور سہولتوں سے مزین کیا گیا ہے۔ دھی رانی کے نام سے 1500 غریب و مستحق جوڑوں کی شادیاں کروانے کا منصوبہ بھی تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔ کسانوں کیلئے پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار 400 ارب روپے کا کسان پیکیج دیا جسے کے تحت کسان کارڈز کا اجرا کیا گیا ھے اور اعداد وشمار کے مطابق کسان اس کسان کارڈ کے ذریعے مجموعی طور پر 30 ارب کی خریداری کرچکے ھیں۔ مزید یہ کہ کسان برادری کیلئے گرین ٹریکٹر اسکیم کا بھی باقاعدہ آغاز کیا جاچکا ھے۔ منصوبے کے تحت صوبے بھر کے 9 ہزار سے زائد کسانوں کو گرین ٹریکٹر دیئے جائیں گے۔ ٹیوب ویلز کو سولر پر کرنے کا منصوبہ بھی شروع کردیا گیا ھے۔ سپر سیڈ کی تقسیم کی جاچکی ہے۔ لائیو اسٹاک کارڈ کا بھی اجرا کیا گیا ھے۔ اسی طرح اسموگ سے بچاؤ کیلئے لاہور میں اسموگ ٹاور نصب کیا گیا ھے اور مزید ٹاورز کی تنصیب پر کام جاری ھے۔ ان منصوبہ جات کے علاوہ روشن گھرانہ پروگرام، لاھور میں ماڈل فش مارکیٹ اور سبزی منڈی وغیرہ کے قیام پر کام تیزی سے جاری ھے۔ جنوبی پنجاب کے 11 اضلاع میں خواتین میں مفت مویشی یعنی گائیں بھینسیں تقسیم کی جا رھی ھیں۔ ویمن ہاسٹل اور ڈے کیئر سینٹرز کے قیام کے منصوبوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے اور بھی بہت سے منصوبوں پر کام شروع ھو چکا جبکہ متعدد تکمیل کے قریب ھیں متعدد پر عملدرامد کیلئے غوروخوض جاری ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اس سے پہلے کسی سرکاری عہدے یا منصب پر نہیں رہیں، اسکے باوجود پنجاب حکومت کے انتظامی امور بااحسن سنبھال رکھے ہیں بلکہ ماضی کے مقابلے میں تیز رفتاری سے بہترین خدمت اور ترقی کا سفر جاری ہونا مریم نواز کی ذاتی اہلیت کا بین ثبوت ہے۔ اس سب کو دیکھتے ہوئے قوی امید ھے کہ آئندہ سالوں میں بھی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبے پنجاب کی ترقی کا یہ سفر اسی شدومت سے جاری رھے گا بلکہ مزید بہتر سے بہتر اقدامت کئے جائینگے جن کے ذریعے پنجاب دیگر صوبوں کیلئے ترقی و خوش حالی کی نادر مثال بن جائیگا۔

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق